Shabbir / Fazil

27-07-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- حکومت آج لوک سبھا میں سرکاری امتحانات میں غیر منصفانہ طور طریقوں کی روک تھام کے قانون میں ترمیم کا 2026 کا بل پیش کرے گی۔

2- پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے سبھی ارکانِ پارلیمنٹ سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ امتحان کے اصلاحات کے بل پر بحث مباحثے میں حصہ لیں۔

3- وزیراعظم نریندر مودی نے ٹیکنالوجی کے ماہر نندن نیلے کَنی کی سربراہی میں، اعلیٰ اختیاراتی ٹاسک فورس تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔

4- وزیراعظم نے نوجوانوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ بھارت کے سرحدی گاؤوں کے ساتھ اپنے رابطوں کو مستحکم کریں۔ انھوں نے ترقی یافتہ گاؤوں کو وکست بھارت کی بنیاد قرار دیا۔

5- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اوڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں آج بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اور

6- بھارت کی مایۂ ناز ویٹ لفٹنگ ایتھلیٹ میرا بائی چانو نے خواتین کے 48 کلوگرام زمرے میں، دولت مشترکہ کھیل مقابلوں میں لگاتار تیسری بار سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ رشی کانت سنگھ نے مردوں کے 60 کلوگرام زمرے میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Parliament Bill

حکومت آج لوک سبھا میں سرکاری امتحانات میں غیر منصفانہ طور طریقوں کی روک تھام کے قانون میں 2026 کا ترمیمی بل پیش کرے گی۔ یہ بل آج کے کام کاج میں لازمی طور پر شامل ہے۔

اس بل میں سرکاری امتحانات میں غیر منصفانہ طور طریقے اپنائے جانے کی روک تھام کے، 2024 کے قانون میں ترمیم کیلئے کہا گیا ہے۔ یہ بل مرکزی وزیر ڈاکٹر جیتندر سنگھ پیش کریں گے۔

جمعہ کو مرکزی کابینہ نے تیز رفتار عدالتیں قائم کرنے کیلئے اس بل کے مسودے کو منظوری دی تھی تاکہ پیپر لیک اور امتحان میں غلط طور طریقوں کے معاملات میں سخت تر سزا کو یقینی بنایا جاسکے۔x

Rijijy Appeal

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے پارلیمنٹ کے سبھی ارکان سے اپیل کی ہے کہ وہ امتحانات کی اصلاحات کے بل پر بحث مباحثے میں حصہ لیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب رجیجو نے کہا کہ نوجوان نسل کی آواز سن کر اور طلبا کے مستقبل کے لئے، وزیراعظم مودی کی طرف سے کیے گئے تاریخی فیصلے کے بعد، وہ سبھی ارکان پارلیمنٹ سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ آج بحث مباحثے میں حصہ لیں۔

ایک رپورٹ

V/C Kaumudee

اِس بل میں پیپر لیک کے کسی بھی کیس سے نمٹنے کیلئے سخت سزاؤں پر مبنی شقیں شامل کی گئی ہیں۔ اِس بل میں سات اہم ترامیم کی گئی ہیں، جن کا مقصد قانون لاگو کرنے میں خامیوں کو دور کرنا، خصوصی عدالتی نظام قائم کرنا اور فوجداری مقدمات میں تیزی لانا ہے۔

اِس بل میں تحقیقات اور قانونی کارروائی کیلئے ایک سخت فریم ورک تشکیل دیا گیا ہے، جس کا مقصد 2024 کے فریم ورک میں خاطر خواہ بہتری لانا ہے۔

ریاستی سرکاروں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی انتظامیہ کو، سیشن عدالتوں کو، خصوصی ٹاسک فورس عدالتوں کے طور پر نامزد کرنے کے اختیارات دیے جائیں گے، جو مذکورہ قانون کے تحت جرائم کے خلاف خاص طور پر قانونی کارروائی انجام دیں گی۔

بل کی شقوں کے مطابق خصوصی ٹاسک فورس کی عدالتیں، روزانہ کی بنیاد پر مقدمات کی سنوائی کریں گی، جن کے لیے لازمی ہوگا کہ وہ فرد جرم داخل کیے جانے کی تاریخ سے تین ماہ کے اندر اندر مقدمے کا فیصلہ سنائیں۔x

نیوز ڈیسک سے Kaumudee Pareek کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

PM Exam Task Force

وزیر اعظم نریندر مودی نے، امتحانات کی اصلاحات کیلئے، ٹیکنالوجی کے معروف ماہر نندن Nilekani کی قیادت میں ایک اعلیٰ اختیاراتی ٹاسک فورس کی تشکیل کا اعلان کیا ہے۔

ایک ویڈیو پیغام میں انھوں نے کہا کہ یہ ٹاسک فورس امتحانات کی اصلاحات پر غور کرے گی اور اِس کی رپورٹ کی بنیاد پر جلد از جلد ممکنہ اقدام کئے جائیں گے تاکہ آئندہ امتحانات کے اعتبار کو یقینی بنایا جاسکے۔ انھوں نے کہا کہ ملک کا امتحانات کا نظام قابل اعتبار، شفاف اور ٹیکنالوجی کو زیادہ سے زیادہ آگے بڑھانے والا ہونا چاہئے۔

یہ ٹاسک فورس سابق آئی بی ڈائریکٹر تپن ڈیکا، اِسرو کے سابق چیئرمین ایس سومناتھ، آئی آئی ٹی چنئی کے ڈائریکٹر وی کاما کوٹی پر مشتمل ہوگی۔

اِن کے علاوہ تعلیم کی سابق سکریٹری انیتا کاروال اور لاجسٹکس کے ماہر امرت لال مینا بھی اِس ٹاسک فورس کا حصہ ہوں گے۔

وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ پارلیمنٹ میں حکومت امتحانات سے متعلق سخت قانونی شقوں والا ایک نیا بل پیش کرے گی۔ جناب مودی نے مقابلہ جاتی امتحانات کی دیانتداری اور لاکھوں طلبا کے مستقبل کے تحفظ کے، حکومت کے عزم کو بھی اجاگر کیا۔

S/B Narendra Modi

PM VB Village

وزیر اعظم نریندر مودی نے نوجوانوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ بھارت کے سرحدی گاؤوں کے ساتھ اپنے رابطوں کو مضبوط بنائیں۔ کل ویڈیو کانفرنس کے وسیلے سے وکست درخشاں گاؤں پروگرام کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے ترقی یافتہ گاؤوں کو، وکست بھارت کی بنیاد قرار دیا۔

وزیراعظم نے ''میرا یُوا بھارت'' (مائی بھارت) پلیٹ فارم کے ذریعے ملک کی تعمیر میں نوجوانوں کے بڑھتے ہوئے رول کی ستائش کی۔ انھوں نے کہا کہ جب نوجوان، سماج کی نچلی سطح پر حقائق سے وابستہ ہوتے ہیں، تو سب کی شمولیت والی ترقی کی جانب بھارت کے سفر کو مستحکم بناتے ہیں۔

PM Yuva Border Villages

وزیراعظم نے وکست درخشاں گاؤں پروگرام کے بارے میں کہا کہ یہ قدم، نوجوانوں کو تحریک دینے کیلئے اٹھایا گیا ہے تاکہ وہ ملک کے سرحدی گاؤوں کا دورہ کریں، انھیں سمجھیں اور اِس سلسلے میں سرگرم ہوں۔

انھوں نے کہا کہ اِس پروگرام میں نوجوانوں نے زبردست جوش و خروش ظاہر کیا اور تقریباً تین لاکھ نوجوانوں نے مقابلوں میں حصہ لیا، جن میں چار سو سے زیادہ نوجوانوں کو منتخب کیا گیا۔

PM Viksit Gaon Viksit Bharat

Birla APJ Abdul Kalam

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے آج سابق صدر جمہوریہ اور بھارت رتن ڈاکٹر اے-پی-جے عبدالکلام کو اُن کی برسی پر خراج عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب برلا نے کہا کہ ڈاکٹر اے-پی-جے عبدالکلام ایک دوراندیش اور روشن خیال شخصیت کے مالک تھے، جنھوں نے بھارت کو ایک ترقی یافتہ، خودکفیل اور مضبوط بھارت بنانے کا خواب دیکھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ٹکنالوجی سے میزائل تیار کرنے تک اور بھارت کے خلائی پروگراموں کو نئی بلندیوں تک لے جانے میں ڈاکٹر اے-پی-جے عبدالکلام کی خدمات کو بھارتی سائنس کی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا گیا ہے۔×

APJ Abdul Kalam

قوم آج سابق صدر جمہوریہ اور نامور سائنسداں ڈاکٹر اے-پی-جے عبدالکلام کو اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کر رہی ہے۔ انہوں نے بھارت کے خلائی اور میزائل کے ترقیاتی پروگراموں میں ایک کلیدی رول ادا کیا تھا۔ ڈاکٹر عبدالکلام کو بھارت کے میزائل Man کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔ اُن کا 2015 میں آج ہی کے دن انتقال ہوا تھا۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ڈاکٹر کلام کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر داخلہ نے ڈاکٹر اے-پی-جے عبدالکلام کو بھارت کے خلائی اور میزائل پروگراموں کا معمار بتایا۔ ×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Birla CRPF

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے آج سینٹرل ریزور پولیس فورس CRPF کے یومِ تاسیس پر سبھی فوجی اہلکاروں، افسروں اور اُن کے کنبوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب برلا نے کہا کہ CRPF ملک کو بااختیار بنانے اور اُس کی سلامتی میں مسلسل سرگرمِ عمل ہے۔ انہوں نے فورس کے اُن سبھی جوانوں کو خراجِ عقیدت بھی پیش کیا، جنہوں نے مادرِ وطن کا دفاع کرتے ہوئے عظیم قربانیاں پیش کیں۔×

Delhi Women

دلّی سرکار نے خواتین کا دلّی کمیشن اور اقلیتوں کا دلّی کمیشن تشکیل دیا ہے۔ خواتین کے دلّی کمیشن کی چیئر پرسن کے طور پر لتا گپتا کو نامزد کیا گیا ہے اور نرمل جین کو اقلیتوں کے دلّی کمیشن کا چیئر پرسن مقرر کیا گیا ہے۔

وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا کہ ان اقدام کا مقصد خواتین کے حقوق کی حفاظت کرنا، اُنہیں بااختیار بنائے جانے کے عمل میں مدد دینا، اقلیتی برادریوں کی فلاح کو یقینی بنانا اور ان کے آئینی حقوق کی حفاظت کرنا ہے۔×

US Iran

امریکہ اور ایران نے لگاتار، دوسرے دن حملوں کا سلسلہ روکے رکھا، جس سے تقریباً دو ہفتے سے جاری فوجی کارروائی کے بعد ایک عبوری جنگ بندی کے بارے میں تازہ مذاکرات کی امیدیں پیدا ہوئی ہیں۔ اقوام متحدہ میں امریکی سفیر مائک والٹز نے کہا کہ صدر ٹرمپ، سفارتی کوششوں کا موقع دے رہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ اومان، ایران اور دیگر مذاکراتکار حالیہ ہفتوں میں ہر سطح پر بات چیت میں سرگرم رہے ہیں۔ ایرانی فوج کے ایک ترجمان نے تصدیق کی ہے کہ ایران سے خطّے میں جوابی حملے روک دیے ہیں اور جب سے امریکہ نے اپنی کارروائی بند کی ہے، پچھلی دو راتوں سے کوئی حملہ نہیں کیا گیا ہے۔

اسی دوران اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو، خطّے کی صورتحال کے بارے میں صدر ٹرمپ کے ساتھ بات چیت کیلئے کل واشنگٹن جائیں گے۔×

IMD Weather

محکمۂ موسمیات نے چھتیس گڑھ اور اُڈیشہ کے دوردراز علاقوں میں آج شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ مشرقی اترپردیش، گنگوتری مغربی بنگال، کونکن، گوا، وسطی مہاراشٹر اور اتراکھنڈ کے دوردراز علاقوں میں بھی آج شدید سے بہت شدید بارش کی امید ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ کے دوردراز علاقوں میں آج شدید بارش ہوسکتی ہے۔ ساحلی آندھراپردیش، ساحلی کرناٹک، مشرقی مدھیہ پردیش، گجرات خطّے، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، کیرالہ، ماہے، پنجاب، وِدربھ اور مغربی اترپردیش میں بھی اسی طرح کے موسم کا امکان ہے۔×

Odisha Rain

بھارت کے محکمۂ موسمیات کے مطابق شمال مغربی خلیجِ بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کے اثر سے آج اُڈیشہ میں انتہائی شدید بارش ہوگی۔ بہت سے ضلعوں میں ریڈ، اورنج اور Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ انتظامیہ نے احتیاطی تدابیر کی ہیں، کیونکہ شدید مانسون کی وجہ سے عام زندگی متاثر ہو رہی ہے۔

V/C - Prakash

اُڈیشہ میں آج شدید بارش کا سلسلہ جاری ہے، کیونکہ شمال مغربی خلیجِ بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کی وجہ سے ریاست میں بڑے پیمانے پر شدید بارش ہو رہی ہے۔ توقع ہے کہ شدید بارش کا سلسلہ شمال مغرب کی طرف بڑھے گا اور یہ آج سہ پہر تک Paradip اور ساگر جزیرے کے درمیان شمالی اُدیشہ-مغربی بنگال کے ساحلی علاقوں کو عبور کر لے گا۔ محکمۂ موسمیات نے آج کیلئے سُندر گڑھ، Keonjhar اور میوربھنج ضلعوں کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ کپالی دریا میں بہت تیز بارش کے بعد بھدرک ضلعے میں Banta بلاک کے 7 گرام پنچایتوں میں سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہو گئی ہے، جس سے سڑک کنیکٹی وِٹی متاثر ہوئی اور نشیبی علاقوں میں پانی بھر گیا ہے۔ بارش سے متاثرہ دیگر ضلعوں سے بھی پانی کے جمع ہونے کی اطلاعات ملی ہیں۔

محکمۂ موسمیات نے، دوردراز کے علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے، بجلی کڑکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا انتباہ دیا ہے۔ لوگوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ پوری طرح چوکنّا رہیں اور غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نہ نکلیں۔

بھوبنیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Rev.Commonwealth

گلاسگو میں، دولتِ مشترکہ کھیل مقابلوں میں، صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے بھارت کی ویٹ لِفٹر میرابائی چانو کو ملک کیلئے سونے کا پہلا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔

میرابائی چانو نے خواتین کے 48 کلوگرام ویٹ لِفٹنگ زمرے میں کُل 190 کلوگرام وزن اُٹھا کر سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ 31 سالہ ویٹ لِفٹر نے Snatch میں 85 کلوگرام اور Clean and Jerk میں 105 کلوگرام وزن اُٹھا کر دولتِ مشترکہ کھیل مقابلوں میں ایک نیا ریکارڈ قائم کیا۔ ویٹ لِفٹنگ میں بھارت نے چاندی کے بھی مزید دو تمغے حاصل کیے ہیں۔

باکسنگ میں Jadumani سنگھ مردوں کے 55 کلوگرام کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں، جبکہ پریتی پوار خواتین کے 54 کلوگرام مقابلے کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ ×

Cricket T20

مردوں کی کرکٹ میں، کل ہرارے میں تیسرے اور آخری T20 بین الاقوامی میچ میں بھارت نے میزبان زمبابوے کو 35 رن سے ہرا کر سیریز تین-صفر سے جیت لی۔

بھارت کی طرف سے جیت کیلئے 193 رن کا نشانہ رکھا گیا تھا، لیکن زمبابوے کی ٹیم مقررہ 20 اووروں میں 7 وکٹ پر 157 رن ہی بنا سکی۔ اس سے پہلے بھارت نے 20 اووروں میں 5 وکٹ کے نقصان پر 192 رن بنائے تھے۔×

Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں، اِن کی روک تھام، حفاظتی اقدام اور عوامی بیداری'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، صحت عامہ کے ماہر اور پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں پر کنٹرول کے قومی مرکز کے ساتھ ڈائریکٹر ڈاکٹر اکشے دھاریوال اور ایمز نئی دلی کے ڈپارٹمنٹ آف میڈیسن کے پروفیسر ڈاکٹر پیوش رنجن کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔
صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر
اور
صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،
اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات
نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار
پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فیصل خان
شکریہ -اسلم بیگ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے امتحان میں اصلاحات پر ٹاسک فورس قائم کرنے کی خبر کو اوّلیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے سرخی لگائی ہے: امتحانی اصلاحات کیلئے اعلیٰ سطحی کمیٹی کے قیام کا اعلان، وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا:نندن نیلکنی کمیٹی کی سربراہی کریں گے، حکومت، طلبا کے بہتر مستقبل کیلئے مسلسل کوشاں۔

روزنامہ پرتاپ نے اپنے صفحہ اول پر وزیر اعظم کے بیان کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے، خلائی شعبے میں نجی شراکت داروں کا مثبت نتیجہ پوری دنیا دیکھ رہی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے اپنے عالمی صفحۂ پر ایک اہم خبر کو سرخی بنایا ہے: ٹرمپ کا امریکی فوج کو ایران پر جاری حملے روکنے کا حکم، دو ہفتوں سے جاری جنگ تھا، ایران نے بھی حملے روکے۔

۔۔اخبارات کی کچھ اہم سرخیاں اس طرح ہیں۔۔

☆ پرہلاد جوشی نے وزارتِ تعلیم کا چارج سنبھالا۔
☆ ملاح بحیرۂ اسود علاقے میں کام کرنے سے پہلے خصوصی احتیاط برتیں:وزارت خارجہ کا بیان
☆ گجرات، مہاراشٹر اور اڈیشہ میں بارش کا ریڈ الرٹ، آسام میں سیلاب سے 7 لاکھ افراد متاثرہ، 66 کی موت
☆ آبنائے ہرمز میں محفوظ جہاز رانی پر ایران اور عمان کے درمیان مذاکرات
☆ کویت نے ایران کے خلاف امریکی کارروائی میں شرکت کی خبروں کو مسترد کیا۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- حکومت آج لوک سبھا میں سرکاری امتحانات میں غیر منصفانہ طور طریقوں کی روک تھام کے قانون میں ترمیم کا 2026 کا بل پیش کرے گی۔

2- پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے سبھی ارکانِ پارلیمنٹ سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ امتحان کے اصلاحات کے بل پر بحث مباحثے میں حصہ لیں۔

3- وزیراعظم نریندر مودی نے ٹیکنالوجی کے ماہر نندن نیلے کَنی کی سربراہی میں، اعلیٰ اختیاراتی ٹاسک فورس تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔

4- وزیراعظم نے نوجوانوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ بھارت کے سرحدی گاؤوں کے ساتھ اپنے رابطوں کو مستحکم کریں۔ انھوں نے ترقی یافتہ گاؤوں کو وکست بھارت کی بنیاد قرار دیا۔

5- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اوڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں آج بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اور

6- بھارت کی مایۂ ناز ویٹ لفٹنگ ایتھلیٹ میرا بائی چانو نے خواتین کے 48 کلوگرام زمرے میں، دولت مشترکہ کھیل مقابلوں میں لگاتار تیسری بار سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ رشی کانت سنگھ نے مردوں کے 60 کلوگرام زمرے میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---